© rasailojaraid.com

## اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین و دنیا کا مجموعہ ہے اس میں مذہبی اور اخلاقی مضامین۔ فتویٰ اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک دو صفحوں پر دنیا بھر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہیں قیمت سالانہ ۴ روپے

مینجر اہلحدیث امرتسر

## مُرقعِ قادیانی

مرزا صاحب قادیانی مدعی مسیحیت کی تردید میں یہ رسالہ ماہوار بڑی آب و تاب سے نکلتا ہے قیمت سالانہ عہ ۱۲

پتہ۔ مینجر مرقع قادیانی امرتسر

## مسلمان

یہ ایک ماہواری رسالہ ہے جس میں خالص اسلامی مضامین اور مخالفین اسلام کے جوابات ہوتے ہیں۔ سالانہ قیمت عہ ۱۲

پتہ مینجر مسلمان۔ امرتسر

## فہرست کتب ثنائیہ و غیرہ

**تقابل ثلاثہ** توریت انجیل اور قرآن کا مقابلہ صفحہ کے تین کالموں میں تینوں کتابوں کی اصل عبارتیں منقول ہیں نیچے حواشی میں فرق بتلا کر قرآن شریف کی فضیلت ثابت کی گئی ہے عیسائیوں کی بحث کا انقطاعی فیصلہ ہے۔ قیمت مع محصول ڈاک عہ

**حق پرکاش** آریوں کے گرو دیانند جی نے ستیارتھ پرکاش میں قرآن شریف پر شروع سے اخیر تک اعتراض کئے ہیں جنکا یہ مفصل اور مکمل جواب یکجا ہے تعلق رکھتا ہے۔ قیمت ۸/

**ترکِ اسلام** مہاشہ دھرم پال نواب ساکن عبدالغفور کے رسالہ ترکِ اسلام کا معقول اور مفصل جواب۔ شروع میں نبوت محمدیہ کا ثبوت اور اخیر میں قرآن مجید کے الہامی ہونے کے دلائل قیمت ۶/

**الہامی کتاب** وید اور قرآن کے الہام پر مسلمان اور آریہ عالموں کی مفصل بحث۔ بحث کیا ہے؟ تمام مباحثہ کا فیصلہ ہے۔ قرآن مجید کے الہامی ہونیکا پورا اور کامل ثبوت۔ قیمت ۱۰/



نمبر چہارم (۴) جلد اول (۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ ۔ وَ رَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا

# رسالہ مسلمان

امرتسر بابت ماہ اگست سنہ ۱۹۰۸ع

## اسلامی خبرین

بہار میں جو پراونشل مسلم لیگ قائم ہوئی ہے اُس کے پریسیڈنٹ مسٹر علی امام بیرسٹرایٹ لا اور سکرٹری مسٹر مظہر الحق بیرسٹرایٹ لا ہیں۔ اس لیگ کے ماتحت ۱۶ دسٹرکٹ لیگیں قائم ہو چکی ہیں۔

۲۵ جولائی کو بمبئی کے ایک شریف ہندو بابو بھوانی پرشاد نامی نے مذہب اسلام قبول کیا غلام رسول نام رکھا گیا۔

پیرس (دار السلطنت فرانس) میں مسلمانوں کی ایک انجمن مدت سے قائم ہے جسکا نام انجمن مباحث اسلامیہ ہے۔ صدر انجمن علامہ عبداللہ ہیں جو قسطنطنیہ کے نامور علماء میں شمار کئے جاتے ہیں۔ اس انجمن میں بہت سے روشن خیال فرانسیسی علماء بھی شریک ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ مذہب اسلام اور مسلمانوں کے متعلق یورپ کی غلط فہمیاں تحریر اور تقریر کے ذریعہ سے رفع کی جائیں۔

ترکی کیبنٹ از سر نو ترتیب دیگئی ہے سعید پاشا وزیر خارجیہ مقرر ہوئے کیبنٹ میں لبرل لیڈر کامل پاشا بھی ہیں۔ نگران کے سپرد کوئی ذمہ واری کا کام نہیں۔

افسوس خان بہادر خدا بخش خان بانکی پوری

© rasailojaraid.com